ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

این ٹی ایس تحریری امتحان میں پاسنگ مارکس 40 فیصد سے کم کر کے 35 فیصد کر دیئے گئے۔

آئی جی سندھ

کراچی 21 دسمبر 2016ء:۔

ترجمان سندھ پولیس نے دفتر سے جاری ایک اعلامیے میں بتایا ہے کہ وزیر اعلیٰ سندھ کی منظوری کے بعد آئی جی سندھ نے احکامات جاری کیئے ہیں کہ رواں سال سندھ پولیس میں کانسٹیبل کی آسامی پر بھرتی ہونے کے لیے این ٹی ایس (NTS) کے تحریری امتحان میں پاسنگ مارکس (40) چالیس فیصد سے کم کر کے (35) پینتیس فیصد کر دیئے گئے ہیں لہذا ایسے تمام امیدوار جنہوں نے این ٹی ایس تحریری امتحان میں پینتیس فیصد یا اس سے زائد مارکس لیے تھے انہیں کامیاب قرار دیا گیا ہے۔ایسے تمام امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہیکہ وہ متعلقہ ڈی آئی جی آفس یا سندھ پولیس کی ویب سائٹ (www.sindhpolice.gov.pk) پر موجود فہرست چیک کر سکتے ہیں۔

ترجمان کے مطابق آئی جی آفس نے پولیس بھرتی کے حوالے سے تمام امیدواروں کو متعلقہ ڈی آئی جی آفس سے رابطہ کرنے کے لیے کہا ہے۔مزید برآں انہوں نے تمام امیدواروں کو کہا ہے کہ پولیس بھرتی کے سلسلے میں غیر متعلقہ افراد یا ایجنٹ مافیا سے رابطوں سے گریز کیا جائے اور شکایات کی صورت میں دفتر ہذا کے نمبر 02199212632 پر اطلاع دی جائے تا کہ ایسے عناصر کے خلاف قانونی کاروائی کی جا سکے۔

۔:۔:۔: